سنہرے لوگ، ڈاکٹر محمد وسیم انجم۔ ناشر: انجم پبلشرز، کمال آباد۳، راولپنڈی۔ صفحات: ۲۱۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

یہ کتاب ۱۶ مذہبی، سماجی اور ادبی، معروف اور غیرمعروف شخصیات کے خاکوں اور تعارفات پر مشتمل ہے۔ ان میں سے چند ایک معروف ہیں، مثلاً ڈاکٹر بشیر سیفی، زہیر کنجاہی، حکیم یوسف حسن وغیرہ مگر زیادہ تر افراد غیرمعروف ہیں۔ لیکن شہرت اور نام وری سے قطع نظر ڈاکٹر وسیم انجم کے ممدوح غیرمعروف لوگ بھی اپنے کردار اور عمل کے لحاظ سے نادر روزگار حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی وضع داری، نیک نفسی اور بلند کردار کی وجہ سے ان میں ایک کشش محسوس ہوتی ہے۔ ان میں کچھ شہدا ہیں اور کچھ بزرگانِ دین۔ کہیں کہیں عبارت بوجھل محسوس ہوتی ہے اور کہیں جملوں کی طوالت کے سبب تحریر کا حسن ماند پڑ جاتا ہے۔ مصنف نے خاکے لکھتے ہوئے غیر جانب داری سے کام لیا ہے، تاہم ان کے ہاں ہمدردی کا پہلو موجود ہے جو خاکہ نگاری کا ایک بنیادی وصف مانا جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ احساس ہوتا ہے کہ ممدوح حضرات کے متعلق مصنف کا مشاہدہ کچھ زیادہ گہرا نہیں ہے۔ کتاب میں ماضی کے چند دل چسپ واقعات کا ذکر بھی ملتا ہے۔ مجموعی حیثیت سے وسیم انجم کی یہ کاوش قابلِ ستایش ہے۔ (رضوان احمد مجاہد)

تعارف کتب

◉ **اہلِ علم کے خطوط**، محمد یوسف نعیم۔ ملنے کا پتا: مکتبہ ایوبیہ، اے ایم نمبر۱، برنس روڈ، کراچی۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [مؤلف کے نام متعدد اہلِ قلم کے خطوط۔ بڑا موضوع: علمی مسائل و نکات۔ مؤلف کے اپنے خطوط بھی شامل ہیں۔ مکتوب الیہم کے مختصر سوانح۔ بعض خطوں میں مفید نکتے آ گئے ہیں مگر زیادہ تر خطوط کو بحیثیت ایک 'یادگار' کے محفوظ کرنے کی سعی کی گئی ہے۔]

◉ **بندۂ مومن**، محمد صدیق تہامی۔ ملنے کا پتا: مکان ۱۰۲۸، سیکٹر جی، ۱۰/۴، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۱۸۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [قرآن مجید کا جامع تعارف، اسلام کے بنیادی عقائد، عبادات کا مقصد اور تقاضے، اخلاقی تعلیمات، اسلامی معاشرت، رزقِ حلال، آخرت کی فکر اور احوال، اللہ سے محبت اور اصلاح احوال کے لیے توبہ کی روش کے تحت ان رویوں کو پیش کیا گیا ہے جو ایک مسلمان کے کردار اور شخصیت کا حصہ ہونے چاہییں۔ خواتین سے اسلام کے مطالبات اور فرائض و حقوق کے علاوہ ان رسوم و رواج پر بھی گرفت کی گئی ہے جو دین کے نام پر ادا کی جاتی ہیں۔ درس قرآن دینے والوں کے لیے ایک مفید کتاب۔]